## حکومت سخت قومی اقدامات نافذ کررہی ہے ۔

بیماری کو ملک کے ان علاقاجات جہاں بیماری کی سطح کم ہے ادھر اس کے پھیلاؤ کو روکنے کیلیئے ،حکومت، محکمہ برائے صحت اور FHI کے مشورے سے سخت قومی اقدامات نافذ کررہی ہے ۔ ان اقدامات کا اطلاق 25مارچ کی نصف شب، جمعرات کی رات سے لیکر آئندہ اطلاع تک نافذالعمل رہیں گے ۔ 12اپریل تک صورت حال کا ایک نیا جائزہ لیا جائے گا ۔

۔ انفیکشن, بیماری کی صورت حال مزید غیر مستحکم ہوگئی ہے ۔ اسپتالوں کو کویڈ 19 کے مریضوں کے لئے جگہ بنانے کے لئے پہلے سے منصوبہ بندعلاج مسنوخ کرناپڑرہا ہے اور کافی بلدیات میں انفیکشن کے کھوج و نشاندھی کے کام پر بھی بہت زیادہ دباؤ ہے ۔ وزیر برائے صحت و نگہداشت بینٹ ہوئیے کا کہنا ہے کہ ہمیں پورے ملک میں جگہ جگہ وباء پھوٹتی نظر آرہی ہے اور صورت حال نہایت غیر واضح ہے ۔

ایسٹر کی تعطیلات بھی انفیکشن کے پھیلاؤ کے خطرے کو مزید بڑھا دے گی کیونکہ کافی لوگ معمول سے زیادہ سفر کریں گے اور معمول سے زیادہ افراد میل ملاپ کریں گے ۔

۔ نئے قومی اقدامات کا اطلاق پورے ملک پر ہوتا ہے ۔ سب سے پہلے وہ علاقے جہاں انفیکشن کی سطح کم ہے انہیں یہ سختی کے طور پر محسوس ہوگا ۔ جہاں انفیکشن کی سطح بلند ہے جیسا کہ اوسلو، ویکن، سالتن اور ہاؤ گالاند، وہاں پہلے سے ہی نہایت سخت اقدامات نافذ ہیں ، یہ بات ہوئیے نے کہی ۔

۔ اب ہم دیکھ رہے ہیں کہ وائرس کی زیادہ متعدی اقسام ان جگہوں پر ظاہر ہورہی ہیں جہاں پہلے انفیکشن کا شاید ہی کوئی واقعہ پیش آیا ہو ۔ ہم دیکھتے ہیں کہ ایک واقعہ نہایت تیزی سے بڑی وباء کا باعث بن رہا ہے اور مزید یہ کہ وائرس کی زیادہ متعدی اقسام زیادہ سنگین بیماری کی وجہ بن رہی ہیں اور اس کی روک تھام مشکل تر ہورہی ہے ۔ ہمیں ایسٹر کے بعد ملک کے بیشتر بڑے حصوں کو اس صورت حال سے بچانا ہوگا ۔ ہوئیے نے زور دیتے ہوئے کہا کہ یہی وجہ ہے کہ ہمیں اب سخت تر قومی اقدامات کی ضرورت ہے ۔

## متاثرہ کمپنیوں کیلیئے 500ملین کروُن

۔ ہمیں علم ہے کہ ان اقدامات سے ملازمتیں ایک بار پھر متاثر ہوں گی، خصوصاً ہوٹل اور ریستوران کے کاروبار ۔ لہذا، حکومت نظر ثانی شدہ قومی بجٹ میں موجود بلدیاتی اسکیم میں مزید 500ملین کروُن کا اضافہ کرکے متاثرہ کمپنیوں کو مدد فراہم کرے گی ۔ یہ اضافہ اس اسکیم میں

پہلے سے بقیہ 750 ملین کرؤن کے علاوہ ہے ۔

**نئے قومی اقدامات**

**نئی سفارشات**

- اب ایک کے بجائے دومیٹر کا فاصلہ ہوگا ۔ وہ افراد جن سے آپ نے اب تک ایک میٹر کا فاصلہ رکھا ہوا تھا اب آپ کو کم از کم دومیٹر کا فاصلہ رکھنا ہوگا ۔

- ہم زیادہ سے زیادہ دو مہمانوں تک سے ملاقات تجویز کرتے ہیں ۔

- اگر آپ کا تعلق ایک ایسے علاقے سے ہے جہاں انفیکشن کی سطح بلند ہے تو آپ کو نہ کہیں رات گزارنے کیلئے جانا چاہیے اور نہ ہی کسی کو اپنے ہاں رات گزارنے کیلئے ٹھہرانا چاہیے ۔ وہ افراد جو اکیلے رہتے ہیں ، اور بچے اور 20 سال سے کم عمر کے نوجوان اپنے ایک سے دو مستقل دوستوں کے ساتھ رات گزار سکتے ہیں ۔

- آپکو ممکنہ حد تک اپنے سماجی روابط کو محدود کردینا چاہیے ۔

- وہ تمام جگہیں جہاں دومیٹر کا فاصلہ رکھنا ممکن نہیں وہاں ہم چہرے کے ماسک کا استعمال تجویز کرتے ہیں ۔

- ہم تمام افراد کو اپنی رہائشی بلدیہ میں موجود شاپنگ سنٹر اور خریداری کے مراکز کا استعمال تجویز کرتے ہیں ۔

- ہم وہ تمام سفر جو ضروری نہیں ہیں ان کو ملتوی کرنا تجویز کرتے ہیں ماسوائے ان کے:

- ملازمت کے سلسلے میں سفر، جب گھر سے کام کرنا ممکن نہ ہو ۔
- طلباء کیلئے گھر اور فیملی کیلئے سفر جب وہ ایسی جگہ تعلیم حاصل کررہے ہوں جہاں ان کی فیملی ان کے ساتھ نہ رہتی ہو ۔
- اپنے ہی کنبے کے ساتھ کاٹیج یا کیبن کیلئے سفر ۔

- پہلے یہ فیصلہ کیا گیا تھا کہ 6 اپریل سے یونیورسٹیوں ، کالجوں اور پیشہ ورانہ کالجوں میں ڈیجیٹل تدریس ہوگی مگر اب اس کا اطلاق اور بھی پہلے 25مارچ سے ہوگا ۔

**نئے قومی مربوط ضوابط**

- پورے ملک میں شراب کے پیش کیے جانے پر پابندی لگائی جارہی ہے ۔

- اعلیٰ سطح کے پیشہ ورانہ کھلاڑیوں کے علاوہ تمام اندرون خانہ منظم کھیلوں اور بالغ افراد کیلئے تفریحی سرگرمیوں پر پابندی لگائی جارہی ہے ۔

- ورزشی مراکزصرف بلدیہ کے اپنے رہائشیوں کیلئے کھلے رکھے جاسکتے ہیں ۔ بحالی صحت، انفرادی تربیت اور علاج کے سلسلے میں بلدیہ سے باہر مقیم افراد کو استثناء حاصل ہوگی ۔
- تیراکی کے تالاب بند رکھے جائیں گے ماسوائے بچوں کی تیراکی کی تربیت اور ان افراد کیلئے جنہیں بحالی صحت کے سلسلے میں تالاب کی ضرورت ہو ۔

- تفریحی پارک ، بنگو ہال اور اس قسم کی دیگر تفریحی سہولیات بند رکھی جائیں گی ۔

- آجر نے یہ یقینی بنانا ہوگا کہ جہاں تک عملی طور پر ممکن ہو تمام ملازمین گھر سے کام کریں ۔

- بیرون ملک غیر ضروری سفر سے ناروے واپس آنے والے تمام افراد کو سفری قرنطینہ کا مکمل عرصہ قرنطینہ ہوٹل میں گزارنا چاہیے ۔ اس کا اطلاق نصف شب ، پیر 29 مارچ کی رات سے ہوگا ۔

- ہم تمام طے کردہ تقریبات کو منسوخ کرنا تجویز کرتے ہیں ۔ اگر ان تقریبات کو منسوخ نہیں کیا جاسکتا تو مندرجہ ذیل اصولوں کا اطلاق ہوگا ۔

اندرون خانہ تقریبات میں 20افراد کو مستقل, تفویض شدہ نشتوں کی صورت میں اجازت ہے ۔

اندرون خانہ 20 سال سے کم عمر افراد کے لئے کھیلوں کے اجتماعات میں 50 تک ایک ہی بلدیہ سے تعلق رکھنے والے افراد کی اجازت ہے ۔

بیرون خانہ تقریبات میں 50تک افراد کی اجازت ہے ۔

مستقل, تفویض شدہ نشتوں کے استعمال کی صورت میں جنازہ اور تدفین میں 50افراد تک کی اجازت ہے ۔

## سخت علاقائی اور مقامی اقدامات کا نفاذ ابھی جاری ہے ۔

حکومت نے 70بلدیات میں سخت ترین اقداماتی سطح (اقداماتی سطح A) نافذ کیے ہیں ۔

ہوئیے کا کہنا ہے کہ جن علاقوں میں سخت علاقائی اور مقامی اقدامات نافذ کیے گئے ہیں وہ ان اقدامات کو جاری رکھیں گے ۔

## ایسٹر 2021 کے سفارشات

### سماجی رابطے

- اپنے گھرانے کے افراد(اکیلے رہنے والے افراد کے قریبی تعلق والے) کے علاوہ دیگر تمام افراد سے دو میٹر کا فاصلہ رکھیں ۔ (نیا)
- فاصلہ رکھنا ممکن نہ ہونے کی صورت میں چہرے کے ماسک کا استعمال کریں (نیا)
- ہم زیادہ سے زیادہ دو مہمانوں سے ملاقات تجویز کرتے ہیں زیادہ عرصہ صرف انہی سے ہی رابطے میں رہیں ۔ (نیا)
- وہ تمام تقریبات جو نہایت ضروری نہیں ہیں ملتوی کردینا چاہیے ۔ (نیا)
- آپکو ممکنہ حد تک سماجی روابط کو محدود کردینا چاہیے ۔ (نیا)

### خریداری

- ہم لوگوں کو یہ تجویز کرتے ہیں کہ وہ اپنی رہائشی بلدیہ میں موجود شاپنگ سنٹر اور خریداری کے مراکز استعمال کریں ۔

سفر

- بیرون ملک سفر سے اجتناب کرنے کا کہا جاتا ہے ۔
- اندرون ملک غیر ضروری سفر سے گریز کریں ۔

- اندورن ملک کاٹیج، کیبن یا ہوٹل پر جایا جاسکتا ہے مگر ممکنہ حد تک عوامی ٹرانسپورٹ سے گریز کریں ۔

- وہ افراد جو کسی ایسی بلدیہ کی جانب سفر کرتے ہیں جہاں کم سختی والے اقدامات لاگو ہیں تو انہیں اپنی رہائشی بلدیہ میں لاگو اقدامات پر عمل کرنا چاہیے ۔

### ملازمتی جگہیں ۔

- جن کیلئے ممکن ہو وہ گھر سے کام کریں ۔

- آجر نے یہ یقینی بنانا ہوگا کہ جہاں تک عملی طور پر ممکن ہو تمام ملازمین گھر سے کام کریں ۔

### کھیل اور تفریحی سرگرمیاں

- بچے اور 20 سال سے کم عمر کے نوجوان معمول کے مطابق تربیتی اور تفریحی سرگرمیوں میں حصہ لے سکتے ہیں ، سرگرمی میں ضرورت پڑنے پر ایک میٹر کے فاصلے کی تجویز سے **مستثنیٰ** کیا جاسکتا ہے ۔

- بچے اور 20 سال سے کم عمر کے نوجوان کھیلوں کے ان مقابلے میں حصہ لے سکتے ہیں جن میں ایک ہی بلدیہ سے تعلق رکھنے والے افراد شامل ہوتے ہوں ۔ اس قسم کے اجتماعات میں اندورن خانہ 50 تک افراد جمع ہوسکتے ہیں ۔ بیرون خانہ حد50افراد تک ہے جس میں کھلاڑی، کوچ،جج اور تماشائی شامل ہیں ۔ اگر بچے اور نوجوان کسی دوسری بلدیہ کی کھیلوں کی ٹیم کے ساتھ تربیت حاصل کرتے ہیں تو جب تک انفیکشن کی صورت حال اس کی اجازت دیتی ہو تو وہ اس کھیل کی ٹیم کے ساتھ مقابلے میں شامل ہوسکیں گے ۔

- بچے اور 20 سال سے کم عمر کے نوجوانوں جو ایسے کھیلوں میں شامل ہوتے ہیں جن میں قریبی رابطہ نہیں ہوتا، مثلاً اسکیٹنگ، وہ کھیلوں کے ایسے مقابلے جو اس ضلع یا اس کھیل کے حلقے کے افراد کو بیرون خانہ جمع کرتے ہوں ان میں حصہ لے سکتے ہیں ، یہاں ضلع سے مراد جعرافیائی خطہ یا علاقہ ہے ۔

- بالغ افراد بیرون خانہ منظم تربیت میں حصہ لے سکتے ہیں اگر مناسب فاصلہ برقرار رکھنا ممکن ہو ۔

- اعلیٰ سطح کے کھلاڑی معمول کے مطابق ، اندرون اور بیرون خانہ تربیت میں حصہ لے سکتے ہیں ۔
- اونچی سطح کے کھیلوں کے اجتماعات کی اجازت ہے ماسوائے سلسلہ وار مقابلوں کے جنہیں ابھی بھی ملتوی کرنے کی سفارش کی جاتی ہے ۔ اس کا اطلاق اپنے کلب کے علاوہ دوسری ٹیموں کے ساتھ تربیتی میچوں پر بھی ہوتا ہے ۔ اس کا اطلاق موسمی عرصہ سے ہٹ کر کھیلوں پر بھی ہوتا ہے جیسا کہ فٹبال، ابھی بھی نقل و حرکت اور سماجی رابطوں کو محدود کرنے کی سفارش کی جاتی ہے ۔

## اعلیٰ تعلیم

- یونیورسٹیوں ، کالجوں اور پیشہ ورانہ کالجوں کے عمارتوں و احاطوں کو طلباء کیلیئے بند رکھا جائے گا تاکہ تعلیم ڈیجیٹل طور پر ہو ۔ لائبریریاں اور پڑھنے والے کمرے کھلے رکھے جاسکتے ہیں ۔ (نیا)

- ایسے ادارے بند کیے جانے سے مستثنیٰ ہوسکتے ہیں جب طلبہ کیلیئے ان کے احاطوں تک رسائی فیصلہ کن ہو تجربات یا ہنر کی تربیت کیلیئے، جو کہ ڈیجیٹل طور پر ممکن نہ ہو اور یہ تعلیم میں پیش رفت کو برقرار رکھنے کے لئے ضروری ہو ۔ (نیا)

## تمام ملک کیلیئے قواعد

## کھیل اور تفریحی سرگرمیاں

- اعلیٰ سطح کے پیشہ ورانہ کھلاڑیوں کے علاوہ، بالغ افراد کیلیئے اندرون خانہ منظم کھیل اور تفریحی سرگرمیوں کی ممانعت-(نیا)

- ورزشی و تربیتی مراکز صحت صرف بلدیہ کے اپنے رہائشیوں کے لئے کھلے رکھے جاسکتے ہیں ۔ بحالی صحت، انفرادی تربیت اور علاج کے سلسلے میں بلدیہ سے باہر مقیم افراد کو استثناء حاصل ہوگی ۔

- تیراکی کے تالاب بند رکھے جائیں گے ماسوائے بچوں کی تیراکی کی تربیت اور ان افراد کیلئے جنہیں بحالی صحت کے سلسلے میں تالاب کی ضرورت ہو ۔

- تفریحی پارک ، بنگو ہال اور اس قسم کی دیگر تفریحی سہولیات بند رکھی جائیں گی ۔ (نیا)

سفر

- بیرون ملک غیر ضروری سفر سے واپس آنے والے تمام افراد کو سفری قرنطینہ کا مکمل عرصہ قرنطینہ ہوٹل میں گزارنا **ہو گا** ۔ (نیا - اس کا اطلاق نصف شب ، پیر 29مارچ کی رات سے ہوگا ۔)

## نجی محفلیں اور تقریبات

**اندر ون خانہ:** مقررہ ، تفویض نشستوں پر 20 افراد (100 سے کم کر کے)

مستقل, تفویض شدہ نشتوں کے استعمال کی صورت میں جنازہ اور تدفین میں 50افراد تک کی اجازت ہے ۔ (100 سے کم کر کے)

**اندر ون خانہ:** 20 سال سے کم عمر افراد کے کھیلوں کے مقابلوں میں 50 افراد جو ایک ہی بلدیہ میں کھیلوں کی ٹیموں سے تعلق رکھتے ہیں۔

**بیرون خانہ :** اجتماعات میں 50 افراد (مقررہ ، تفویض نشستوں پر 200 یا600 سے کم کر کے)

## نائٹ لائف ، ریستوراں اور اجتماعات جہاں شراب پیش کرنے کی سرکاری اِجازت ہو

- شراب کے پیش کیے جانے پر پابندی ۔ (نیا)